# گلیکسو اسمتھ کلائن پاکستان لمیٹڈ

gsk do more feel better live longer

# سالانہ اجلاسِ عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا ممبران کو اطلاع دی جاتی ہے کہ درج ذیل امور کی انجام دہی کے لیے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے پالیسی، ریگولیشن اور ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کی جانب سے 15 دسمبر 2021 کو جاری کردہ لیٹر نمبر SMD/SE/2(20)/2021/117 اور 2021 کے سرکلر نمبر 4، مؤرخہ 15 فروری 2021 اور اس کے بعد آنے والے 2021 کے سرکلر نمبر 6، مؤرخہ 3 مارچ 2021 کی تعمیل میں، گلیکسو اسمتھ کلائن پاکستان لمیٹڈ کا پچھتر (75) واں سالانہ اجلاسِ عام مؤرخہ 25 اپریل 2022 بروز پیر، صبح 11 بجے بذریعہ/ براستہ WEBEX ویڈیو لنک گلیکسو اسمتھ کلائن کے ہیڈ آفس، 35 ڈاکیارڈ روڈ، ویسٹ وہارف، کراچی-74000 میں منعقد کیا جائے گا:

**عمومی کاروباری امور:**

1. 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کی وصولی، ان پر غور و خوض اور نفاذ کرنا۔
2. کمپنی کے عام شیئرز پر غور و خوض، منظوری اور منافع منقسمہ کا اعلان۔ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے، ڈائریکٹرز 70 فیصد (ہر 10 روپے والے شیئر پر 7 روپے فی عام شیئر) کے حتمی منافع منقسمہ کی سفارش کر چکے ہیں۔
3. آئندہ سال کے لیے ایکسٹرنل آڈیٹرز کی تقرری اور اُن کے معاوضے کا تعین کرنا۔ 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے، کمپنی کی آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے، میسرز یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور ایکسٹرنل آڈیٹرز، دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

**دیگر کاروباری امور:**

1. صدرِ اجلاس کی اجازت سے دیگر امور پر کارروائی عمل میں لانا۔

حسب الحکم بورڈ

**مہر درخشاں امیر**

کمپنی سیکریٹری

کراچی

4 اپریل 2022

**نوٹس:**

کورونا وائرس (COVID-19) کی صورت حال کے پیش نظر، کمپنی نے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 5، مؤرخہ 17 مارچ 2020 اور سرکلر نمبر 25، مؤرخہ 31 اگست کے ذریعے بیان کردہ حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا ہے۔ جبکہ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاس عام (AGM) سے کم از کم دو دن پہلے سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈے سے متعلق اپنے تبصرے اور تجاویز اس ای میل ایڈریس PK.Shareinfo@gsk.com پر ارسال کر سکتے ہیں۔ تاہم، 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.pk.gsk.com) پر دستیاب کر دیے گئے ہیں۔

اپنے سوالات پوسٹ کرنے کے لیے براہِ مہربانی نیچے دیے گئے ویواکس لنک (Vevox Link) کا استعمال کریں:

آپ ویواکس لنک (Vevox Link) استعمال کر سکتے ہیں: https://vevox.app/#/m/195642529

سیشن آئی ڈی (Session ID): 195-642-529

ای میل ایڈریس: **PK.Shareinfo@gsk.com**

سالانہ اجلاسِ عام کی براہِ راست کارروائی میں شرکت کے لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ نیچے دیے گئے لنک پر لاگ آن کریں:

**شرکاء کے لیے پروگرام کا پتہ**

https://gskmeeting.webex.com/gskmeeting/onstage/g.php?MTID=ea8f0ed0af1ae4a5fd2c826d4db17a6ca

**ایونٹ پاسپورڈ: gsk123**

1. کمپنی کی شیئر منتقلی کتب، حتمی منافع منقسمہ کی ادائیگی کے استحقاق تعین کے مقصد کے لیے 19 اپریل 2022 سے 25 اپریل 2022 (بشمول دونوں ایّام) بند رہیں گی۔ جو منتقلیاں کمپنی کے شیئر رجسٹرار سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی میں 18 اپریل 2022 (بروز پیر) کو کاروباری اوقات ختم ہونے سے قبل موصول ہوں گی، سالانہ اجلاسِ عام کے مقاصد اور منتقل کرنے والوں کے استحقاق کے لیے بروقت موصول شدہ تصور کی جائیں گی۔

2. اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار ممبر، کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت، بولنے اور ووٹ دینے کے لیے تحریری طور پر پراکسی مقرر کر سکتا/ کر سکتی ہے۔ پراکسی کے تقرر کی دستاویز باقاعدہ طور پر دستخط اور مہر لگانے کے بعد کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازمی جمع کرا دی جائے۔ ایک ممبر، ایک سے زیادہ پراکسی مقرر نہیں کر سکتا۔ شیئر ہولڈر کے قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) کی تصدیق شدہ نقل کو فارم کے ساتھ لازماً منسلک کرنا ہوگا۔ دیگر کسی متعلقہ پہلو کے لیے، کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 137 کے مندرجات کا اطلاق ہوگا۔ پراکسی کا تقرر کرنے والی دستاویز کمپنی کی ویب سائٹ **http://www.pk.gsk.com** پر موجود ہے۔

3. شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر اُن کے پتوں میں کوئی تبدیلی ہو تو کمپنی کو ضرور آگاہ کریں۔

4. کارپوریٹ سیکٹر (194) کے لیے کورونا وائرس (COVID-19) کے اثرات کو ختم کرنے کے لیے باقاعدہ ریلیف کے حوالے سے یکم اپریل 2020 کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے سرکلر نمبر 10 کی پیروی میں، سالانہ رپورٹ اُن شیئر ہولڈرز کو ارسال کی جائے گی جن کے ای میل ایڈریس CDC کے ڈیٹا بیس ریکارڈز میں موجود ہیں۔ سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ http://www.pk.gsk.com پر بھی اپ لوڈ کی گئی ہے اور شیئر ہولڈرز کے لیے با آسانی قابلِ رسائی ہے۔

5. سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے بیان کردہ مندرجہ ذیل ہدایات پر مزید عمل کرنا ہوگا۔

ا) **اجلاس میں شرکت کے لیے:**

i) پالیسی، ریگولیشن اور ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ کی جانب سے 15 دسمبر 2021 کو جاری کردہ لیٹر نمبر SMD/SE/2(20)/2021/117 کے پیش نظر، سرکلر نمبر 6، مورخہ 03 مارچ 2021 کے تسلسل میں اور درج شدہ کمپنیز کو طبعی طور پر اجلاس منعقد کرنے کے لیے درپیش عملی مشکلات کی وجہ سے، ملک میں موجود COVID-19 وبائی صورتِ حال، تیزی سے پھیلتے اومنی کورونا وائرس اور سندھ میں کیسز کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیشِ نظر کمپنی نے اجلاس کو صرف الیکٹرونک موڈ کے ذریعے منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

ii) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کی جا چکی ہیں، مندرجہ ذیل پر لاگ اِن کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں براہِ راست شرکت کریں گے۔

**شرکاء کے لیے پروگرام کا پتہ:**

https://gskmeeting.webex.com/gskmeeting/onstage/g.php?MTID=ea8f0ed0af1ae4a5fd2c826d4db17a6ca

**ایونٹ پاسپورڈ: gsk123**

آپ ڈائریکٹرز کو دیکھ سکیں گے اور سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی براہِ راست سن بھی سکیں گے لیکن کسی بھی قسم کی کنیکٹیویٹی کی رکاوٹوں سے بچنے کے لیے آپ کا کنیکشن میوٹ (mute) کر دیا جائے گا۔ WEBEX کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام میں شریک ہونے والے شیئر ہولڈرز اپنی سہولت کے مطابق اوپر دیے گئے ویواکس لنک/ ای میل ایڈریس پر اپنے نام اور فولیو نمبر کے ساتھ اپنے متعلقہ سوالات/ تبصرے/ تجاویز پوسٹ کر سکتے/ بھیج سکتے ہیں۔

iii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ نامزد شخص کے دستخط کے نمونے کے ساتھ مختار نامہ پیش کیا جائے گا (تاوقتیکہ قبل ازیں پیش نہ کیے گئے ہوں)۔

ب) **پراکسیز کی تقرری کے لیے**

i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطے کے مطابق اپ لوڈ کی جا چکی ہیں، مذکورہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرا سکتے ہیں۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد گواہوں کے دستخط ہونے چاہئیں جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) نمبر فارم پر موجود ہوں گے۔

iii) بینیفشل اونرز کی کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول اور پراکسی، پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

iv) پراکسی، اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا/ گی۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کردہ فرد کے نمونہ دستخط کو کمپنی کے پراکسی فارم کے ساتھ پیش کرنا ہوگا (تاوقتیکہ قبل ازیں پیش نہ کیے گئے ہوں)۔

vi) پراکسی، کمپنی کی ویب سائٹ (http://www.pk.gsk.com) پر دستیاب ہے۔

کمپنی کورونا وائرس (COVID-19) کے اثرات کا جائزہ لیتی رہے گی اور اجلاسوں سے متعلق کسی بھی قسم کی متعلقہ اَپ ڈیٹس بشمول سالانہ اجلاس عام کے انتظامات کے حوالے سے ہونے والی کسی بھی قسم کی تبدیلیوں کا اعلان ریگولیٹری انفارمیشن سروس (PUCAR) کے ذریعے اور ویب سائٹ (http://www.pk.gsk.com) پر دستیاب کرے گی۔

6. **الیکٹرونک ڈیویڈنڈ پر CNIC/NTN نمبر جمع کروانا (لازمی):**

ا) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے ایس آر او، 2012/(1)831 بتاریخ 5 جولائی 2012 کو ایس آر او، 2014(1)19 بتاریخ 10 جنوری 2014 کے ساتھ پڑھیں گے اور اس کے علاوہ دیگر متعلقہ قوانین کے مطابق الیکٹرونک ڈیویڈنڈ کو رجسٹرڈ شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کا حامل بھی ہونا چاہیے، سوائے نابالغ اور کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کے۔

ب) کمپنیز (منافع کی تقسیم) ریگولیشنز، 2017 کے ریگولیشن نمبر 4 اور 6 کے مطابق، شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کے شناختی نمبر (CNIC یا NTN) کی عدم دستیابی کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

ج) لہٰذا وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے تاحال اپنے کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا نیشنل ٹیکس نمبر NTN کی نقل جمع نہیں کروائی ہے، ان سے ایک بار پھر درخواست کی جاتی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا نیشنل ٹیکس نمبر NTN کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی کے پتے پر ارسال کر دیں۔ کارپوریٹ اداروں سے درخواست ہے کہ وہ اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) اور فولیو نمبر مع مجاز نمائندے کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی نقل، فراہم کریں۔

7. **نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرونک انداز سے ادائیگی (لازمی):**

ا) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق پبلک لسٹڈ کمپنی ہونے کی صورت میں، کسی بھی قابل ادا کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف بذریعہ الیکٹرونک موڈ کے ذریعے براہ راست حقدار شیئر ہولڈرز کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کی جائے گی۔ لہٰذا تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے بینک کی تفصیلات متعلقہ شراکت دار/ اسٹاک بروکر کے ذریعے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم میں اپ گریڈ کریں۔ فزیکل شیئرز کی صورت میں، براہ مہربانی اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات (IBAN اکاؤنٹ نمبر) براہ راست شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر ارسال کر دیں۔ ای ڈیویڈنڈ لازمی فارم منسلک ہے اور ہماری ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔

ب) براہِ کرم نوٹ کریں کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (3)243 کے مطابق، اگر شیئر ہولڈرز کی جانب سے ضروری معلومات فراہم نہ کی گئیں، تو کمپنی ڈیویڈنڈز کی ادائیگی روکنے کا استحقاق رکھتی ہے۔

ج) شیئر ہولڈرز کی آسانی کے لیے ای ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم کمپنی کی ویب سائٹ http://www.pk.gsk.com پر دستیاب ہے۔

31 دسمبر 2021 تک گلیکسو اسمتھ کلائن پاکستان لمیٹڈ کے شیئر ہولڈرز (فزیکل اور سی ڈی ایس) کے IBAN کا اسٹیٹس درج ذیل ہے:

| 31 دسمبر 2021 تک شیئر ہولڈرز کی موجودہ کُل تعداد | | | 31 دسمبر 2021 تک IBAN کی تازہ ترین موجودہ تعداد | | | شرح/ اپ ڈیٹ ہونے والے IBAN کا تناسب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فزیکل | سی ڈی ایس | کُل | فزیکل | سی ڈی ایس | کُل | % |
| 1946 | 5,253 | 7,199 | 513 | 4,956 | 5,469 | 75.97 |

8. **زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق اعلامیہ:**

تمام ممبران سے درخواست ہے کہ وہ زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس 1980 کے مطابق زکوٰۃ سے استثنیٰ کے لیے اعلامیہ جمع کروائیں اور پتے میں تبدیلی، اگر کوئی ہے تو آگاہ کریں۔

9. **سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی دستیابی:**

ا) کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 کی شق کے مطابق، 31 دسمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، کمپنی کی ویب سائٹ **http://www.pk.gsk.com** پر دستیاب ہیں۔

ب) کوئی بھی شیئر ہولڈر جو 2021 کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی ہارڈ کاپی کا خواہش مند ہے تو وہ اُسے درخواست کی وصولی کے سات (7) کاروباری ایّام کے اندر بلا معاوضہ فراہم کر دی جائے گی۔

ج) SECP کی جانب سے مؤرخہ 8 ستمبر 2014 کے 2014 (1)787 SRO کے تحت دی گئیں ہدایات کے مطابق، ایسے شیئر ہولڈرز جو سالانہ مالیاتی گوشوارے مستقبل میں ڈاک کے بجائے ای میل کے ذریعے وصول کرنے کے خواہش مند ہوں، انہیں ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اپنی باضابطہ رضامندی، مستند ای میل ایڈریس کے ہمراہ "اسٹینڈرڈ درخواست فارم" پر دیں۔

د) شیئر ہولڈرز کی آسانی کے لیے، سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی فراہمی کے لیے کمپنی کی ویب سائٹ http://www.pk.gsk.com پر "اسٹینڈرڈ درخواست فارم" دستیاب ہے۔

10. **منافع منقسمہ پر انکم ٹیکس کی کٹوتی:**

ا) یہ 31 دسمبر 2021 کو ختم ہونے والے سال کے لیے شیئر ہولڈرز کو، گلیکسو اسمتھ کلائن پاکستان لمیٹڈ کی جانب سے اعلان کردہ فی شیئر 7 روپے حتمی کیش منافع منقسمہ کے حوالے سے ہے۔

ب) جن شیئر ہولڈرز کے نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست (ATL) میں موجود نہیں ہیں انہیں فوری طور پر فعال بنانے کے لیے ضروری انتظامات کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ بصورت دیگر، ان کے کیش منافع منقسمہ پر قوانین کے مطابق ٹیکس کٹوتی ہوگی۔

ج) مزید یہ کہ فیڈرل بورڈ آف ریوینیو [FBR] سے موصول شدہ تصدیق کے مطابق، وِدہولڈنگ ٹیکس کا تعین، پرنسپل شیئر ہولڈر کے ساتھ ساتھ جوائنٹ ہولڈر/ ہولڈرز، جوائنٹ اکاؤنٹ ہونے کی صورت میں (ان کے شیئر ہولڈنگ تناسب کی بنیاد پر)، فعال/ غیر فعال حیثیت پر علیحدہ علیحدہ ہوگا۔

د) اس حوالے سے وہ تمام شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز مشترکہ شیئر ہولڈرز کے ساتھ ہیں، سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جو شیئرز رکھتے ہیں، ان کے بارے میں ہمارے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل تحریری طریقہ کار کے ذریعے، پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر/ ہولڈرز کے شیئرز کا ملکیتی تناسب فراہم کریں:

| فولیو/ CDS اکاؤنٹ نمبر | مجموعی شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | مشترکہ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور CNIC نمبر | شیئرز کا ملکیتی تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | شیئرز کا ملکیتی تناسب (شیئرز کی تعداد) |
| | | | | | |
| | | | | | |

**نوٹس:**

i. مطلوبہ معلومات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو 18 اپریل 2022 تک لازماً پہنچ جانی چاہئیں، بصورت دیگر یہ تصور کیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور مشترکہ شیئر ہولڈر/ ہولڈرز دونوں مساوی شیئرز کے مالک ہیں اور ٹیکس کی کٹوتی اسی مناسبت سے کی جائے گی۔

ii. وہ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز جو سی ڈی سی اکاؤنٹس کے حامل ہیں، ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ شراکت داروں کے ساتھ اپنے نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) کو اپ ڈیٹ کریں۔ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی ایک نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ضرور ارسال کریں۔ شیئر ہولڈرز اپنے نیشنل ٹیکس نمبر NTN یا NTN سرٹیفکیٹ ارسال کرتے ہوئے، جو کہ ضروری ہو سکتا ہے، اس پر کمپنی کا نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز ضرور تحریر کریں۔

iii. منافع منقسمہ کی آمدنی پر ٹیکس کٹوتی سے استثنیٰ صرف اُسی صورت میں دیا جائے گا اگر 18 اپریل 2022 تک مؤثر ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی شیئر رجسٹرار کو موصول ہو جاتی ہے۔

11. **غیر رہائشی شیئر ہولڈرز کے لیے اطلاع:**

غیر رہائشی شیئر ہولڈرز رہائشی حیثیت کے تعین کے لیے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 82 میں بیان کردہ ہدایات کے تحت اپنے اقرار نامے کا اعلامیہ بمع درست پاسپورٹ کی کاپی، ڈیویڈنڈ پر ٹیکس کٹوتی کے مقصد کے لیے شیئر رجسٹرار (میسرز۔ سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی) پر یا بذریعہ ای میل ایڈریس info@cdcsrsl.com اپنی تازہ ترین معلومات 18 اپریل 2022 تک ارسال کریں۔ ڈیکلریشن فارم کی کاپی کمپنی کی ویب سائٹ http://www.pk.gsk.com سے ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہے۔

12. **سی ڈی سی اکاؤنٹ میں فزیکل شیئرز کا جمع کروانا:**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے مطابق، کمیشن کی جانب سے اعلان کردہ تاریخ 30 مئی 2017 کے ایکٹ کے آغاز سے چار سال کی مدت کے اندر ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز بک۔ انٹری فارم کے ساتھ مخصوص طریقہ کار کے مطابق تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی۔ فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی بھی بروکرز کے ساتھ اپنا سی ڈی سی اکاؤنٹ یا براہ راست سی ڈی سی کے ساتھ انویسٹر اکاؤنٹ کھول کر اپنے فزیکل شیئرز کو اسکرپ لیس فارم (Scrip Form) کی شکل میں رکھ سکتے ہیں، اس سے انہیں کئی طرح کی سہولت حاصل ہو سکتی ہے، جس میں شیئرز کی فروخت اور ان کی محفوظ تحویل جس وقت بھی وہ چاہیں، شامل ہے، کیونکہ پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے موجودہ ضوابط کے مطابق فزیکل شیئرز کی تجارت کی اجازت نہیں ہے۔

13. **غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ/ شیئرز:**

شیئر ہولڈرز جو کسی بھی وجہ سے اپنے منافع منقسمہ یا بونس شیئرز کا دعویٰ دائر نہیں کر سکے یا اپنے فزیکل شیئرز جمع نہیں کروا سکے، انہیں تجویز دی جاتی ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی، شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل کراچی سے اپنے غیر دعویٰ شدہ منافع منقسمہ یا زیر التواء شیئرز، اگر کوئی ہیں، کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے کرابطہ کریں۔ براہ کرم نوٹ کرلیں کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 244 کے مطابق، طے شدہ طریقہ کار مکمل کرنے کے بعد، اعلان کردہ منافع منقسمہ، جو اپنی واجب الادا تاریخ سے تین سال کی مدت تک غیر دعویٰ شدہ یا ناقابلِ ادا رہیں ہوں وہ وفاقی حکومت/ SECP کے کریڈٹ میں جمع کرائیں جائیں گے اور شیئرز کی صورت میں، تمام سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کو پہنچائے جائیں گے۔

14. **پوسٹل بیلٹ/ ای۔ ووٹنگ:**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے اور کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط کسی اور ایجنڈے کے آئٹم کے لیے، مذکورہ بالا قواعد و ضوابط میں شامل شرائط کے تحت، قانون کے مطابق مجموعی طور پر 5 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز رکھنے والے ممبران کو پوسٹل بیلٹ کے ذریعے یعنی ڈاک کے ذریعے یا ای۔ ووٹنگ کے ذریعے اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

15. **اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطۂ اخلاق:**

i) کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کے سیکشن 215 کی دفعہ کے مطابق

ا) اس ایکٹ کے تحت اس کے حقوق سے تعصب کے بغیر، کمپنی کا کوئی فرد اثر و رسوخ کا مظاہرہ نہیں کرے گا اور نہ ہی فیصلے کے لیے براہِ راست انتظامیہ سے رجوع کرے گا جو انتظامیہ کے ہموار کام میں رکاوٹ کا سبب بنے۔

ب) کوئی بھی شیئر ہولڈر جو اس سیکشن میں فراہم کردہ طرزِ عمل میں ناکام ہو جاتا ہے اور جیسا کہ کمیشن کے ذریعے بتایا جا چکا ہے اس دفعہ کے تحت جرم کا مرتکب ہوگا اور معیاری پیمانے پر لیول 1 سے کم جرمانے کا ذمہ دار ہوگا۔

ii) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 185 کی تعمیل میں، کارپوریشن اپنے اجلاس میں اپنے ممبران کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم نہیں کرے گی۔

16. **ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:**

ا) کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132 اور 134 کے تحت، ممبرز ویڈیو کانفرنس کی سہولت سے بھی مستفید ہو سکتے ہیں۔

ب) اگر کمپنی کو اجلاس کے شہر کے علاوہ مجموعی طور پر کسی جغرافیائی علاقے میں رہائش پذیر 10 فیصد یا اس سے زائد شیئرز کے مالک ممبرز کی جانب سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سالانہ اجلاس میں شمولیت کے لیے کم از کم 7 دن پہلے رضامندی موصول ہوتی ہے تو کمپنی اس شہر میں میسر سہولیات کے مطابق ویڈیو کانفرنس کا انعقاد کرے گی۔ اس سلسلے میں، براہِ مہربانی نیچے دیے گیا فارم پُر کریں اور کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر سالانہ اجلاسِ عام سے 7 دن پہلے ارسال کریں۔

ج) کمپنی، سالانہ اجلاسِ عام سے کم از کم 5 روز قبل ممبرز کو ویڈیو کانفرنس کے مقام اور اس سہولت سے مستفید ہونے کے لیے تمام ضروری معلومات سے آگاہ کرے گی۔ تاکہ وہ اس سہولیات تک رسائی حاصل کر سکے۔

میں/ ہم ____________ کے ____________ بطور ممبر، گلیکسو اسمتھ کلائن پاکستان لمیٹڈ

____________ عمومی شیئر/ شیئرز کے مالک کی حیثیت سے بمطابق رجسٹرڈ فولیو/ CDC اکاؤنٹ نمبر ____________ بذریعہ ہذا ویڈیو

کانفرنس منعقدہ بمقام ____________ میں شرکت کرنا چاہتا/ چاہتی ہوں/ چاہتے ہیں۔

دستخط ممبر ____________